# Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 7 Short Questions Preparation

Q1. غیر معمولی اجلاس کی تعریف کریں.

**Ans 1:** سالانہ عام اجلاس اور آئینی اجلاس کے علاوہ کمپنی کے تمام اجلاس غیر معمولی ہوتے ہیں.کمپنیز آرڈیننس 1984ء کی شق 159 کے تحت کمپنی کے ڈائر یکٹرز خود یا کمپنی کے حصہ دار ڈائرایکٹر کو درخواست دے کر غیر معمولی اجلاس طلب کرتے ہیں.

---

Q2. کمپنی میں ڈایکٹر کی تعداد ہوتی ہے.

**Ans 1:** کم از کم سات ڈائیکٹر ز ہوتے ہیں اور زیادہ کے لیے کوئی حد نہیں جبکہ ملٹی ممبرز پرائیوٹ کمپنی میں کم ازکم دو ڈائیکٹرز ہوتے ہیں.

---

Q3. کمیٹی کی آئینی رپورٹ کی تعریف کریں.

**Ans 1:** ائینی رپورٹ کے زریعے حصہ داروں کو مندرجہ زیل معلومات فراہم کی جاتی ہے.

**Ans 2:** حصص کی کل تعداد جو الاٹ کی گئی ہو.

**Ans 3:** الاٹ شدہ ادائیگیوں کی کل رقم جو کمپنی کو وصول ہوئی ہو.

**Ans 4:** کمپنی کی ادائیگیوں اور وصولیوں کا کھاتہ.

**Ans 5:** کاروبارکے سلسلے میں کیے گئے معاہدہ کے مکمل کوائف

---

Q4. غیر معمولی اجلاس سے کیا مراد ہے اس کے مقاصد کیا ہیں.

**Ans 1:** کمپنی ارڈیننس سیکشن 159 کے مطابق اجلاس جو کہ سالانہ اور آئینی اجلاس کے علاوہ ہوتے ہیں آور کسی خاص مسئلے کو حل کنے کے لیے بلایا جاتا ہے اسے غیر معمولی اجلاس کہتے ہیں.

**Ans 2:** مقاصد؛ کسی خاص مسئلے کا حل

**Ans 3:** کمپنی کے سرمایہ میں کمی کی درپیشی کے لیے

**Ans 4:** تمسکات جاری کرنے کے لیے

---

Q5. معمولی قرار داد سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** ایسی قرار داد جو اراکین کی معمولی اکثریت سے منظور ہوئی ہو. اس کے لیے ممبران کو 21 دن پہلے نوٹس دینا ضروری ہے.

---

Q6. قرار داد کی تعریف کریں.

**Ans 1:** کسی اجلاس یا اسمبلی کی باضابطہ رائے یا خواہش جس کا اظہار ممبران سے بذریعہ ووٹ حاصل کیا جائے اسے قرار داد کہتے ہیں. قرار داد دو حصوں پر مشتمل ہے- پہلے حصے میں قرار داد کی وجوہات بیان کی جاتی ہے. جبکہ دوسرا حصہ اجلاس میں طے شدہ باتوں کی وضاحت کرتا ہے.

**Ans 2:** قرار داد کی اقسام معمولی قرار داد

**Ans 3:** غیر معمولی قرار داد

---

Q7. کمپنی کے ائینی اجلاس سے کیا مراد ہے نیز اس کے مقاصد بیان کریں.

**Ans 1:** آینی اجاس کمپنی کے حصہ داروں کا پہلا اجلاس ہوتا ہے جس کا مقصد حصہ داروں کو کمپنی کے معاملات سے اگاہ کرنا ہوتا ہے ائینی اجلاس شروع ہونے سے 21 دن پہلے اجلاس کا نوٹس تمام حصی داروں کو ارسال کر دیا جاتا ہے.

**Ans 2:** مقاصد: کمپنی کی تشکیل کی تفصیلات

**Ans 3:** کمپنی کے معاملات سے آگاہ کرنا

**Ans 4:** کمپنی کے حصہ داروں کا اعتماد حاصل کرنا

---

Q8. مشترکہ سر مایہ کی کمپنی کا خاتمہ کن طریقوں سے ہوتا ہے.

**Ans 1:** کمپنی کا خاتمہ بذریعہ عدالت

**Ans 2:** رضاکارانہ طور پر کمپنی کا خاتمہ

**Ans 3:** عدالت کی زیر نگرانی کمیٹی کا خاتمہ

---

Q9. کمپنی کے ڈائرکٹر کے اہم فرائض کون کون سے ہیں.

**Ans 1:** کمپنی آرڈیننس کے مطابق سالانہ اجلاس کے انتظامات کرنا

**Ans 2:** کمپنی کے سرمائے کی روک تھام

**Ans 3:** غلط ادائیگیوں کی روک تھام

**Ans 4:** کمپنی کے لیے پالیسی بنانا

**Ans 5:** کمپنی کے رجسٹرڈ کو کاروبار کے نفع کی رپورٹ دینا

---

Q10. کمپنی کے ڈائریکٹر کون منتخب کرسکتا ہے.

**Ans 1:** کمپنی کے پہلے ڈائریکٹرز

**Ans 2:** کمپنی کے حصۃ دار

**Ans 3:** بورڈ اف ڈائیکٹر